Phone call between Prime Minister ShriNarendraModi and His Excellency Abdel Fattah Al-Sisi, President of Egypt

May 26, 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور مصر کے صدر، عزت مآب عبد الفتاح السیسی کے مابین فون کال

26 مئی، 2020

آج ٹیلی فون پر گفتگو میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے صدر مصر عالی جناب عبد الفتاح السیسی اور ان کے ساتھ ساتھ مصر کے عوام کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کی۔

مبارک باد کا تبادلہ کرتے ہوئے مصری صدر نے مصر اور ہندوستان کو دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں شامل ہونے کا حوالہ دیا اور تیزی سے بڑھتے ہوئے دوطرفہ تعلقات پر خوشی کا اظہار کیا۔

وزیر اعظم نے کووڈ 19 بحران کے دوران مصر میں ہندوستانی شہریوں کی حفاظت اور فلاح وبہبود کے لئے مصری حکام کی طرف سے فراہم کردہ تعاون کی تعریف کی۔

رواں سال اپنے پہلے سے طے شدہ مصر کے دورے کا ذکر کرتے ہوئے، جسے کووڈ 19 وبائی مرض کی وجہ سے ملتوی کرنا پڑا، وزیر اعظم نے حالات سازگار ہوتے ہی صدر سیسی سے ملنے کی خواہش ظاہر کی۔

نئی دہلی

26 مئی، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.